برہان دیں مولی ہے رہنما ہمارا
رتبہ تمہارا اعلی تیری شان ہے شہانہ

تم سے ہی ہے اجالا اس ستر کے زماں میں
نور خدا کے مظہر ہیں آپ اس جہاں میں

قسمت سے تجھ سا آقا ہے رہنماں ہمارا

میلاد ہو مبارک برہان دین شہ کو
میلاد ہو مبارک یہ مؤمنین سب کو

ہر اک زباں پہ مولی تیرا ہی ہے ترانہ

سیف الہدی کا پیارا علامہء جہاں ہے
اسلام کا ہے حامی اور دیں کا پاسباں ہے

یہ ہی تو نا خدا ہے کشتیء دین حق کا

دن آج ہے خوشی کا گھر گھر میں روشنی ہے
چارو طرف سے دیکھو آواز آ رہی ہے

ہے جشن سالگرہ آواز آ رہی ہے

برہان دیں کو یا رب عمر خضر عطا کر
صدقے میں پنجتن کے بس دور سب بلا کر

آل نبی کا پیارا ہے پاسباں ہمارا

برہان دیں میں تم پر قربان جاں کرونگا
تا زندگی میں تیری مدح ثناء کرونگا

یہ ہے میری عبادت یہ ہی تو ہے سہارا

قدموں پہ شاہ دیں کے اپنے جھکاؤں سر کو
اپنی مرادیں مانگو دامن کو اپنے بھر لو

اللہ کا ولی ہے داتار ہے یہ مولی